© rasailojaraid.com

(۲) مسیحی عقائد اور محبوبِ خدا (دونوں کا تعلق ردِ مسیحیت سے ہے)۔ (۳) ہندوستان کی لادینیت کی حقیقت۔

**ادارہ علم و عمل** | دس پمفلٹ سامنے ہیں: (۱) صدقہ کی فضیلت۔ (۲) تقویٰ۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ: شاہ لطیف گیٹ۔ ٹنڈو آدم۔

**شیعہ حضرات سنیت قبول کریں** | تحریر: محمد انور قریشی۔ ناشر: انجمن خدام اسلام پاکستان ماڈل ٹاؤن شپ لاہور (دس سال میں بیس لاکھ کتابچے مفت تقسیم کیے)۔

**نفاذِ شریعت کا صحیح طریق کار** | مجلس عاملہ جماعتِ اسلامی منعقدہ (اگست ۸۵) کی قرار داد بہ سلسلہ نفاذ شریعت۔ ناشر: مکتبہ منصورہ۔ ملتان روڈ۔ لاہور۔

**چند اہم گذارشات** | از محمد شریف قاضی، شعبۂ دعوتِ اسلامی پاکستان، مقام وڈاکخانہ بھنڈگراں، ضلع گجرات۔ خلاصہ یہ کہ قرآن اور فہم قرآن کو عام کرنے کی تجاویز کے ساتھ بھنڈگراں میں تعلیم القرآن کی کلاسوں کے اجراء اور مستقل قرآنی مرکز کے قیام میں دعوتِ تعاون۔

**سندھ نیشنل اکیڈیمی حیدرآباد** | از محمد موسیٰ بھٹو۔ سندھ میں لادینی نظریات، غیر ملکی مداخلت اور سندھی نیشنلزم کی تحریک کے متعلق اربابِ علم و دانش کی آراء اور تعمیری کام کرنے کی شدید ضرورت کا اظہار۔

**تعارفِ قادیانیت** | از جناب محمد یوسف لدھیانوی۔ ناشر: مجلس تحفظِ ختم نبوت، نسیم منزل، ریلوے روڈ، ننکانہ صاحب، ضلع شیخوپورہ۔ ڈیڑھ روپے کے پوسٹ ٹکٹ بھجوا کر طلب کریں۔ قادیانیت کے متعلق متعدد اہم سوالات پر بحث۔

**اظہارِ حقیقت** | از حکیم ہاشمی۔ پوسٹ بکس نمبر ۲۵۰، حیدرآباد، سندھ۔ بات تو کچھ بدعت وغیرہ کے موضوع پر ہے، مگر انداز مناظرانہ ہے۔

**خاعتبروا......** | پمفلٹ شائع کردہ مجلس دعوتِ اسلامی، حلقہ خواتین، فیصل آباد۔ اس کا مضمون ترجمان القرآن سے ماخوذ ہے۔

**عورت اور پردہ** | از محمد نواز صاحب، رحیم یار خاں۔ ناشر: حلقہ خواتین پاکستان۔ سیالکوٹ

---

© rasailojaraid.com